خلقیدونی عقیدہ

(451عیسوی)

ہم پاک اجداد کی پیروی میں، پوری رضامندی کے ساتھ انسانوں کو واحد اور اُسی بیٹے ہمارے خداوند یسوع مسیح کو قبول کرنے کی تعلیم دیتے ہیں جوالوہیت میں کامل اور انسانیت میں بھی کامل ہے۔ جوانسانی جان اور بدن میں حقیقی خدااور حقیقی انسان ہے۔ جوالوہیت کے موافق باپ کے ساتھ ہم ذات اور ہمارے ساتھ انسانیت کے موافق ہم ذات ہے۔ جو سب باتوں میں ہماری مانند ہے۔ جوگناہ سے پاک ہے۔ الوہیت کے مطابق باپ سے تمام زمانوں سے پہلے متولد ہوا اور اِن آخری دنوں میں ہماری خاطر اور ہماری نجات کی خاطر کنواری مریم سے پیدا ہوا جوانسانیت کے مطابق خدا کی ماں ہے۔ وہ واحد مسیح، بیٹا، خداوند، واحد متولد ہے جس کی دو فطرتیں تسلیم کی جاتی ہیں جو بلاشبہ لاتبدیل، بلاتقسیم اور بلاتفریق ہیں اور اُن کے یکجا ہونے سے فطرتوں کا فرق کسی طرح ختم نہیں ہوا بلکہ دونوں کی صفت محفوظ ہے اور ایک شخص اور ایک ذات میں ہم آہنگ ہوئیں جو دو شخصوں میں علاحدہ یا تقسیم نہیں۔ بلکہ واحد اور وہی بیٹا اور واحد اکلوتا، کلام خدا، خداوند یسوع مسیح ہے جیسا کہ اس کے متعلق نبیوں نے شروع سے پیش گوئیاں کیں اور جس کی تعلیم ہمیں خود خداوند یسوع مسیح نے دی اور پاک اجداد کا عقیدہ ہمارے سپرد ہوا۔